# SCHOOL BASED ASSESSMENT 2024-25

**Mid-Term**

# Islamiat Grade 8

**School Name:** ____________________

## ANSWER KEYS

| | | |
|---|---|---|
| Q. No.1 : c | Q. No.2 : b | Q. No.3 : a |
| Q. No.4 : b | Q. No.5 : a | Q. No.6 : c |
| Q. No.7 : a | Q. No.8 : b | Q. No.9 : c |
| Q. No.10 : d | | |

---

## ANSWERS / RUBRICS

**Question No: 11**

سوال نمبر 11

**a ) Write down three miracles that appeared from the blessed hand of Hazrat Muhammad Rasoolullah خاتم النبیّن صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ و اصحابہ وسلم. (03)**

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّن صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کے دستِ مبارک سے ظاہر ہونے والے کوئی سے تین معجزات لکھیے۔(3)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب درست لکھتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب:

آپ خاتم النبیّن صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کی انگلی کے اشارے سے چاند دو ٹکڑے ہو گیا۔

ایک مرتبہ آپ خاتم النبیّن صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم نے دودھ کے پیالے میں ہاتھ ڈالا تو اس پیالے میں سے اصحاب صفہ نے سیر ہو کر دودھ پیا اور پھر بھی پیالے میں اتنا ہی دودھ باقی تھا۔

ایک صحابی کی ٹوٹی ہوئی ٹانگ پر اپنا دست اقدس پھیرا، تکلیف جاتی رہی، ٹانگ جڑ گئی اور وہ بارگاہ رسالت سے خود چل کر رخصت ہوئے۔

**What was the style of conversation of Hazrat Muhammad Rasoolullah خاتم النبیّن صلیٰ اللہ علیہ و علیٰ آلہٖ و اصحابہٖ وسلم? (05)**

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّن صلیٰ اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کا انداز گفتگو کیسا تھا؟(5)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب درست لکھتا ہے تو اسے پورے (5) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 4 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔

نمونے کا جواب:

آداب گفت گو:

نبی کریم خاتم النبیّن صلیٰ اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم گفت گو فرماتے تو آپ خاتم النبیّن صلیٰ اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی آواز نہ بہت بلند ہوتی اور نہ ہی بہت پست ہوتی تھی، بلکہ معتدل آواز کے ساتھ گفت گو فرماتے تھے، آپ کی گفتار میں الفاظ مشکل نہ ہوتے اور نہ ہی کوئی ابہام اور شک کی کوئی گنجائش باقی رہتی، ایک ایک لفظ سننے والے کو ذہن نشین ہو جاتا تھا، پتھر دل لوگ بھی شہد کی مٹھاس محسوس کرتے تھے۔ گفت گو اس انداز سے فرماتے کہ الفاظ کو آسانی سے گنا جا سکتا تھا۔

آپ خاتم النبیّن صلیٰ اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کی گفت گو شعور اور آگاہی پیدا کرتی تھی، ام المومنین حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا فرماتی ہیں کہ نبی کریم خاتم النبیّن صلیٰ اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم آدمی کی طرح تیزی سے مسلسل کلام نہیں فرماتے تھے بلکہ آپ خاتم النبیّن صلیٰ اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم اس طرح کلام فرماتے کہ ہر لفظ جدا ہوتا تھا اور پاس بیٹھنے والا شخص اسے یاد کر لیتا تھا۔(سنن ابی داؤد 4839)

**Write the family tree of Hazrat Muhammad Rasoolullah خاتم النبیّن صلی اللہ علیہ و علیٰ آلہ و اصحابہ وسلم up to his grandfather Hashim. (2)**

حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیّن صلی اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا اپنے جد امجد ہاشم تک شجرہ نسب لکھیے۔(2)

آیٹم روبرک (اردو):

طالب علم سوال کا جواب درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کا جواب
: شجرہ نسب
محمدؐ بن عَبدُاللہ بن عَبدُالمُطّلِب بن ھاشم۔

**Question No: 12**

---

سوال نمبر 12

---

**a ) Write the meaning of an Ayah about mistrust. (2)**

بدگمانی کے بارے میں ایک آیت کا مفہوم لکھیں۔(2)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم اس سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (2) نمبر دیئے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 نمبر دیا جائے جبکہ غلط یا غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کا جواب
اے ایمان والو! بدگمانی سے بہت زیادہ بچو، بے شک بعض گمان گناہ ہیں اور نہ (کسی کے متعلق) جاسوسی کرو۔

**What are the social harms caused by mistrust?Describe in detail. (4)**

بدگمانی کے معاشرتی نقصانات تفصیل سے بیان کریں۔(4)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم بدگمانی کے نقصانات کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیئے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ جبکہ غلط یا غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کا جواب
بدگمانی سے معاشرے میں نفرت پھیلتی ہے۔ جھگڑے بڑھتے ہیں۔
نفسیاتی بیماریاں پھیلتی ہیں۔ ذہنی دباؤ کا شکار ہو سکتے ہیں۔

**Which steps can be taken to promote optimism/ good will ? (4)**

حسن ظن کے فروغ کے لیے کون سے اقدامات کیے جاسکتے ہیں۔(4)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم حسن ظن کے فروغ کے لیے کیے جانے والے اقدامات مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (4) نمبر دیئے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 3 نمبر دیں۔ جبکہ غلط یا غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کا جواب
ہمیں چاہیے کہ ہم اپنے اخلاق کو اچھا رکھیں، دوسروں کے متعلق تجسس نہ کریں۔ بلا تحقیق کسی کے بارے رائے قائم نہ کریں۔ مثبت سوچ کا مظاہرہ کریں اور دوسرے کی عزت نفس مجروح نہ کریں۔

**Question No: 13**

---

سوال نمبر 13

---

**a ) What is meant by lawful earning , write the translation of any hadith to explain it.(3)**

کسبِ حلال سے کیا مراد ہے نیز کسبِ حلال سے متعلق کوئی ایک حدیث کا ترجمہ لکھیں۔(3)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم کسبِ حلال کی وضاحت حدیث کی روشنی میں درست کرتا ہے تو اسے پورے (3) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 2 نمبر دیں۔ غلط یا غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کا جواب
کسبِ حلال سے مراد اپنی محنت سے روزی کما کر کھانا ہے۔
حدیث نبوی صلیٰ اللہ علیہ وعلیٰ آلہ واصحابہ وسلم کا فرمان ہے۔
کہ کسی نے اپنے ہاتھ کی کمائی سے زیادہ بہتر کمائی کبھی نہیں کھائی۔ اللہ تعالیٰ کے نبی حضرت داؤد علیہ السّلام اپنے ہاتھ کی کمائی کھایا کرتے تھے۔( صحیح بخاری:2072)

**Explain legitimate and illegitimate hoarding. (6)**

جائز اور ناجائز ذخیرہ اندوزی کی وضاحت کریں۔(6)

آیٹم روبرک (اردو):

اگر طالب علم سوال کا جواب مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (6) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 5 نمبر دیں۔ غلط یا غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کا جواب
ضرورت کی جو چیزیں بازار میں آسانی سے دستیاب ہوں اور ان کے حصول کے لیے لوگوں کو کسی طرح کی تنگی اور قلّت کا سامنا نہ ہو تو اس چیز کو ذخیرہ کرنا جائز ہے،لیکن اگر وہ چیز اس وقت لوگوں کو آسانی سے مناسب قیمت پہ دستیاب نہ ہو یا دستیاب تو ہو مگر ذخیرہ اندوزی کا مقصد مصنوعی قلت پیدا کرنا ہو تو یہ ذخیرہ اندوزی ناجائز ہو گا۔
!اسلام میں ناجائز ذخیرہ اندوزی کی سختی سے ممانعت ہے۔ نبی کریم خاتم النبیین صلیٰ اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم نے فرمایا
کہ جس شخص نے مسلمانوں کے خلاف غذائی اجناس کی ذخیرہ اندوزی کی اللہ تعالیٰ اس پر غربت وافلاس اور جذام کی بیماری مُسلّط کرے گا۔ "(سنن ابن ماجہ:2154-2155)"

**Write the way to sell defective items in the light of hadith.(6)**

حدیث کی روشنی میں عیب دار چیزوں کی فروخت کا طریقہ لکھیں۔(6)

آیٹم روبرک (اردو):
اگر طالب علم حدیث کی روشنی میں عیب دار چیزوں کی فروخت کا طریقہ مکمل درست لکھتا ہے تو اسے پورے (6) نمبر دیے جائیں۔ جزوی درست جواب پر 1 تا 5 نمبر دیں۔ بالکل غیر متعلقہ جواب لکھنے پر صفر نمبر دیا جائے۔
:نمونے کا جواب
آپ خاتم النبیین صلیٰ اللہ علیہ وعلیٰ آلہٖ واصحابہٖ وسلم کا ارشاد ہے جس شخص نے کوئی عیب دار چیز کسی کو فروخت کی، اور خریدار پر اس کا عیب ظاہر نہیں کیا، تو اس پر ہمیشہ اللہ تعالیٰ کا غضب رہے گا، اور اللہ تعالیٰ کے فرشتے اس پر ہمیشہ لعنت کرتے رہیں گے لہٰذا عیب دار چیز فروخت کرتے وقت دھوکہ نہیں دینا چاہیے بلکہ چیز کا عیب واضح کر کے فروخت کرنا چاہیے۔